Urdu

Leicester Safeguarding Adults Board

WORKING IN PARTNERSHIP TO KEEP ADULTS SAFE

لیسٹر میں بالغوں کا تحفظ کرنا

(Safeguarding adults in Leicester)

بالغوں کا تحفظ کرنا کیا ہے؟

تحفظ کرنے کا مطلب ہے کہ کسی بالغ شخص کے حفاظت میں رہنے اور بد سلوکی اور بے توجہی سے محفوظ رہنے کے حق کی حفاظت کرنا۔ یہ لوگوں اور تنظیموں کے مل کر کام کرنے کے بارے میں ہے تا کہ بد سلوکی اور بے توجہی کے خطرات اور تجربے کی روک تھام کی جا سکے اور روکا جا سکے۔ بالغوں کا تحفظ کرنا ایک ایسی چیز ہے جو ایسے بالغوں کے ساتھ کی جاتی ہے جو نقصان کے خطرے میں ہوں، اُن کی شمولیت، پسند اور اختیار کو بڑھانا

خطرے میں بالغ کون ہے؟

نقصان کے خطرے میں بالغ کی تعریف یہ کی جاتی ہے کہ ایک ایسا شخص جس کی دیکھ بھال اور معاونت کی ضروریات ہو سکتی ہیں (چاہے لوکل اتھارٹی اُن ضروریات کو پورا کر رہی ہے یا نہیں)، اور اُسے بد سلوکی یا بے توجہی سے واسطہ پڑ رہا ہے یا ان کے خطرے میں ہے اور اپنے آپ کو محفوظ رکھنے کے نا قابل ہے۔

کس کی دیکھ بھال اور معاونت کی ضروریات ہو سکتی ہیں؟

دیکھ بھال اور معاونت ایسے بالغوں کے لیے عملی، مالی، یا جذباتی معاونت ہو سکتی ہے جنہیں اس سے فائدہ پہنچے گا کہ وہ اپنی زندگیوں کو منظم کر سکیں اور خود مختار بن سکیں۔ ان میں بڑی عمر کے افراد، معذور یا طویل المدت بیماری سے متاثرہ افراد اور دماغی بیماری سے متاثرہ افراد شامل ہو سکتے ہیں۔

بد سلوکی اور بے توجہی کیا ہے؟

بد سلوکی اور بے توجہی بہت سی مختلف شکلوں میں واقع ہوتی ہیں، مثلاً

- جب کوئی شخص کسی دوسرے شخص کو تکلیف دیتا ہے یا اُس کے ساتھ بُرا سلوک کرتا ہے
- جب کوئی شخص لوگوں کو پریشان یا خوفزدہ کرنے کے لیے کچھ کرتا ہے

- جب کوئی شخص طبی یا جسمانی دیکھ بھال کی ضروریات کو نظر انداز کرتا ہے

بدسلوکی اور بے توجہی کہیں بھی واقع ہو سکتی ہیں۔ دیکھ بھال اور معاونت کی ضروریات کے حامل بالغوں کے ساتھ کوئی بھی شخص بدسلوکی کر سکتا ہے، بشمول شریک حیات (پارٹنر)، خاندان کا فرد، ہمسایہ، دوست، صحت یا سوشل کیئر (سماجی دیکھ بھال کی خدمات) کا پیشہ ور ماہر، رضاکار (والنٹیئر)، یا کوئی اجنبی۔

اگر میرے ساتھ بدسلوکی ہو رہی ہے یا میں فکر مند ہوں کہ کسی اور شخص کے ساتھ بدسلوکی ہو رہی ہے تو میں کیا کر سکتا ہوں؟

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے ساتھ یا کسی ایسے شخص کے ساتھ جسے آپ جانتے ہیں بدسلوکی یا بے توجہی برتی جا رہی ہے تو جتنی جلد ممکن ہو کسی ایسے شخص کو بتائیں جس پر آپ اعتماد کرتے ہوں۔ آپ لیسٹر میں دیکھ بھال اور معاونت کی ضروریات کے حامل کسی بالغ شخص کے ساتھ برتی جانے والی بدسلوکی یا بے توجہی کی ایڈلٹ سوشل کیئر ٹیم کو اطلاع دے سکتے ہیں:

- **ٹیلیفون کے ذریعے: 0116 454 1004 (روزانہ 24 گھنٹے، ہفتے میں 7 دن دستیاب)**

- اگر کسی جرم کا ارتکاب کیا گیا ہے تو آپ لیسٹر شائر پولیس کو اُن کی ویب سائٹ **www.leics.police.uk** کے ذریعے اطلاع دے سکتے ہیں یا آپ 101 پر ٹیلیفون کر سکتے ہیں۔ اگر یہ کوئی ایمرجنسی ہے تو 999 پر ٹیلیفون کریں۔

میں لیسٹر میں بالغوں کا تحفظ کرنے کے بارے میں مزید معلومات کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟

لیسٹر میں بالغوں کا تحفظ کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے لیسٹر سیف گارڈنگ ایڈلٹس بورڈ کی ویب سائٹ www.leicester.gov.uk/lsab ملاحظہ کریں۔

اگر آپ لیسٹر میں ایک کمیونٹی گروپ ہیں اور بالغوں کا تحفظ کرنے کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنا پسند کریں گے تو برائے مہربانی لیسٹر سیف گارڈنگ ایڈلٹس بورڈ کی انگیجمنٹ آفیسر شوبانہ کے ساتھ ایک ورچوال سیشن کا انتظام کرنے کے لیے LSAB@leicester.gov.uk پر رابطہ کریں یا 0116 454 6270 پر ٹیلیفون کریں (برائے مہربانی اس ذریعے سے بدسلوکی یا بے توجہی کی اطلاع نہ دیں)۔